www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
KP EDITION SUNDAY SEPTEMBER 27, 2020
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
جلد 62
اتوار 9 صفر المظفر 1442ھ 27 ستمبر 2020ء 12 اسوج 2077ب
نمبر 266
صفحات 52 قیمت 30 روپے

# کمشنر ملاکنڈ سے چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا کی ملاقات

## سرکاری اداروں کی شفافیت، میرٹ اور احتساب پر کسی کے ساتھ کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، ظہیر الاسلام

سوات (نمائندہ جنگ) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن سید ظہیر الاسلام سے سیدو شریف میں چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون نے ملاقات کی ملاقات میں مالاکنڈ ڈویژن میں رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی اور

باقی صفحہ 6 نمبر 13

بقیہ کمشنر ملاکنڈ 13

ضروری فیصلے کیے گئے ملاقات میں اس بات پر فیصلہ کیا گیا کہ سرکاری اداروں کی شفافیت، میرٹ اور احتساب پر کسی کے ساتھ کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ عام شہریوں اور محروم طبقوں کا قانون ہے اس قانون کے صحیح استعمال سے ملاکنڈ ڈویژن کے شہری اپنی قسمت بدل سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے ملاکنڈ ڈویژن میں کسی کو بھی محروم نہیں رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کے بنیادی مقاصد میں کرپشن کا خاتمہ، طرز حکمرانی کی بہتری، سرکاری حکام اور اہلکاروں کو جوابدہ بنانا، شہریوں اور ریاست کے مابین اعتماد پیدا کرنا، شہریوں کو باوقار بنانا اور گورننس کے عمل میں شہریوں کے اشتراک کو یقینی بنانے جیسے عوامل شامل ہیں اس موقع پر چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کمشنر ملاکنڈ ڈویژن سید ظہیر الاسلام شاہ کو شیلڈ بھی پیش کی۔

روزنامہ ایکسپریس، پشاور، اتوار، 27 ستمبر 2020ء

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس پشاور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

## شانگلہ: محکموں کے پبلک انفارمیشن افسران کیلئے تربیتی ورکشاپ

### ریکارڈ عوام کی امانت، طلب کرنے پر محکمے انہیں فراہم کرنے کے پابند ہیں، ساجد جدون

پشاور (ایکسپریس نیوز) اطلاعات تک رسائی کے قانون کے تحت شہریوں کو سرکاری امور سے متعلق درکار معلومات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کیلئے ضلع شانگلہ کے سرکاری محکموں کے نامزد پبلک انفارمیشن افسروں کیلئے ایک تربیتی ورکشاپ جمعہ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد کی گئی ورکشاپ کا اہتمام خیبر پختونخوا انفامیشن کمیشن نے کیا تھا جس میں کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون اور کمشنر ریاض خان دادزئی کے علاوہ ضلعی محکموں، اداروں، دفاتر اور پولیس کے افسران نے شرکت کی پبلک انفارمیشن افسروں کو رائیٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کی اہمیت سے اگاہ کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی ایکٹ کا بنیادی مقصد عوام کے ذریعے سرکاری محکموں کا احتساب یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے فراہم کیے گئے مالی وسائل سے ہی سارا نظام چلتا ہے اس لئے عوام کو اس کا حساب مانگنے کا حق ہے جبکہ محکمے اس ریکارڈ کے محافظ ہیں جس میں آمدن اور خرچ سمیت انتظامی امور کی تفصیلات درج ہے اور یہ عوام کی امانت ہے جو طلب کرنے پر سرکاری محکمے انہیں فراہم کرنے کے پابند ہیں۔ ساجد جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی نے ہر خاص و عام کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ کسی بھی محکمے سے سرکاری معلومات قانونی طور پر حاصل کر سکے، انہوں نے کہا کہ ایکٹ کے تحت درخواست گزاروں کو حساس معاملات کے سوا تمام مطلوبہ اطلاعات کی فراہمی کیلئے پبلک انفارمیشن افسروں کو کسی اعلیٰ افسر کی اجازت کی ضرورت نہیں بلکہ اس معاملے میں وہ خود فائنل اتھارٹی ہے۔



شانگلہ: چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن ساجد جدون اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق: کمشنر مالاکنڈ

### سرکاری اداروں کی شفافیت، میرٹ پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ساجد جدون سے ملاقات

مینگورہ (نمائندہ خصوصی) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن سید ظہیر الاسلام شاہ سے سیدو شریف میں چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مالاکنڈ ڈویژن میں رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی اور ضروری فیصلے کئے گئے ملاقات میں اس بات پر فیصلہ کیا گیا کہ سرکاری اداروں کی شفافیت، میرٹ اور احتساب پر کسی کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ عام شہریوں اور محروم طبقوں کا قانون ہے اس قانون کے صحیح استعمال سے ملاکنڈ ڈویعن کے شہری اپنی قسمت بدل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے ملاکنڈ ڈویعن میں کسی کو بھی محروم نہیں رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کے بنیادی مقاصد میں کرپشن کا خاتمہ، طرز حکمرانی کی بہتری، سرکاری حکام اور اہلکاروں کو جوابدہ بنانا، شہریوں اور ریاست کے مابین اعتماد پیدا کرنا، شہریوں کو باوقار بنانا اور گورننس کے عمل میں شہریوں کے اشتراک کو یقینی بنانے جیسے عوامل شامل ہیں۔ اس موقع پر چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کمشنر ملاکنڈ ڈویعن سید ظہیر الاسلام شاہ کو شیلڈ بھی پیش کی۔